नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. Of Questions - 10

No. of Printed Pages - 07

**S–72 – Urdu(T.L.)**

# SECONDARY EXAMINATION - 2016

## URDU

( Third Language)

Time : $3\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات:

(i) طلبہ/طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

سوال نمبر **1**۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کے کیجئے۔ [5]

(الف) ناولوں میں بے تکلّف دوستوں کی بڑی دلچسپ مثالیں ملتی ہیں۔ ٹھیکرے نے ایک کردار کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ یہ صاحب جس دوست کے پاس ٹھہرتے تھے رخصت ہوتے وقت اس سے ایک قمیص ضرور مستعار لیا کرتے تھے۔ ہمارے ایک دوست اس معاملے میں ٹھیکرے کے اس کردار سے بازی لے گئے ہیں۔ وہ صرف قمیص پر اکتفا نہیں کرتے۔ ساری پوشاک کا مطالبہ کرتے ہیں۔

(ب) رضیہ نے تخت نشینی کے بعد نہایت بہادری سے مشکلوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ وہ فوج کی کمان خود سنبھالتی تھی۔ اس نے بادشاہوں کی طرح ''قبا'' اور ''کلاہ'' پہنی۔ اپنے نام کے سکّے جاری کیے۔ سلطنت میں امن قائم کیا، انتظام کو بہتر بنایا اور عوام کی خوش حالی کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ تجارت کو فروغ دیا۔ سڑکیں بنوائیں، درخت لگوائے اور کنویں کھدوائے۔ اس نے مدرسے اور سرکاری کتب خانے بھی قائم کیے۔

سوال نمبر **2**۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً تحریر کیجئے۔ [5x1=5]

**(i)** اُتر بھارت میں کون سی پراکرت بولی جاتی تھی؟

**(ii)** بھیم راؤ امبیڈکر کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

**(iii)** کلاس میں داخلہ لینے والے نابینا لڑکے کا کیا نام تھا؟

(iv) اونتی نے زمین کا مرکز کہاں بتایا؟

(v) وزیر علی کے کارنامے سُن کر کس کے کارنامے یاد آتے ہیں۔

سوال نمبر 3۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھئے۔ [2x3=6]

(i) اکبر نے رگھوپت کا دل کس طرح جیت لیا؟

(یا)

آلودہ پانی کو پینے کے قابل کیسے بنایا جاتا ہے؟

(ii) لین شو بارش میں کھیتوں کی طرف کیوں گیا

(یا)

چندو کے بارے میں بُندو کے ذہن میں کیا خیال آیا؟

سوال نمبر 4۔ مندرجہ ذیل اجزائے نظم میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔ شاعر اور نظم کا نام بھی لکھیں۔ [5]

(الف) کہا یہ سُن کے گلہری نے منہ سنبھال ذرا
یہ کچّی باتیں ہیں، دل سے انھیں نکال ذرا
جو میں بڑی نہیں تیری طرح تو کیا پروا
نہیں ہے تو بھی تو آخر مری طرح چھوٹا

ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے
کوئی بڑا۔ کوئی چھوٹا، یہ اُس کی حِکمت ہے

(ب) خون اپنا ہو یا پرایا ہو — نسل آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں — امن عالم کا خون ہے آخر
بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر — روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ غیروں کے — زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

سوال نمبر 5۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔ [5x1=5]

(i) آپ کے نصاب میں شامل ''حمد'' کے شاعر کا نام لکھئے۔

(ii) کس کی ناؤ پار اترتی ہے؟

(iii) میر تقی میرؔ کہاں پیدا ہوئے؟

(iv) علامہ اقبالؔ کی کسی ایک نظم کا نام لکھئے۔

(v) کہکشاں کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھئے۔ [2x3=6]

(i) شاعر نے دنیا کو سرائے فانی کیوں کہا ہے؟

(یا)

میر تقی میرؔ کے نزدیک انسانی زندگی کی کیا حقیقت ہے؟

(ii) ذوقؔ کا پورا نام بتائیے۔ وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(یا)

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

اس شعر کا مطلب لکھئے۔

سوال نمبر 7۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ [8x3=24]

(i) فعل مجہول کی تعریف لکھئے۔

(ii) مندرجہ ذیل محاوروں میں سے کنہی دو محاوروں کے معنی لکھئے اور ان کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

(۱) دانتوں میں انگلیاں دبانا

(۲) موت کے گھاٹ اُتارنا

(۳) بغلیں جھانکنا

(iii) مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے۔

(۱) ڈاک (۲) شرم (۳) نصیب

(iv) مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھئے۔

(۱) بھلائی (۲) رات (۳) دوست

(v) مندرجہ ذیل واحد الفاظ کے جمع لکھئے۔

(۱) فرض (۲) احسان (۳) جنگل

(vi) مندرجہ ذیل مذکر الفاظ کے مونّث بنایئے۔

(۱) بیٹا (۲) مُرغا (۳) لڑکا

(vii) مندرجہ ذیل رموز واوقاف کی علامتیں (نشان) لکھئے۔

(۱) قوسین (۲) سوالیہ (۳) ختمہ

(viii) مندرجہ ذیل مُرکّب الفاظ میں سے مضاف اور مضاف الیہ کو الگ الگ لکھئے۔

(۱) اکبر کی کتاب (۲) دیوانِ غالبؔ (۳) دردِ دل

سوال نمبر 8۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ [4x2=8]

ماحول اور فضا میں بڑھتی ہوئی آلودگی اور اس کے خطرناک نتائج سے آج پوری دنیا خوفزدہ ہے کیونکہ یہ آلودگی ایٹمی جنگ سے بھی زیادہ خطرناک نظر آتی ہے
آج دنیا کا ہر ملک ماحول اور فضا کو آلودگی سے پاک صاف رکھنے کی ہر ممکن کوشش کر رہا ہے۔ ہندوستانی حکومت بھی ماحول کی آلودگی سے بچانے کے لیے طرح طرح کی کوشش کر رہی ہے۔ اخبارات اور پوسٹروں کے ذریعے عوام کو آلودگی کے نقصانات اور ماحول کو صاف سُتھرا رکھنے کے فوائد سے آگاہ کیا جا رہا ہے۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کا مناسب عنوان لکھئے۔

(ii) ایٹمی جنگ سے بھی زیادہ خطرناک کیا ہے؟

(iii) آج دنیا کا ہر ملک کس بات کی کوشش کر رہا ہے؟

(iv) اس اقتباس میں استعمال ہوئے لفظ 'آلودگی' یا 'عوام' کے معنی بتائیے۔

سوال نمبر 9۔ اپنے بڑے بھائی صاحب کو اک خط لکھئے جس میں اپنی آگے کی پڑھائی کے متعلق مشورے چاہے گئے ہوں۔ [8]

(یا)

اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب / ہیڈ ماسٹر صاحب کو ایک درخواست لکھئے جس میں آگرہ جانے کے لئے چار دن کی چھٹی چاہی گئی ہو۔

سوال نمبر 10۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر تقریباً سو الفاظ میں مضمون لکھئے۔ عنوان کے ساتھ دیئے گئے اشاروں کو بھی استعمال کریں۔ [8]

(i) میرا پسندیدہ کھیل

(ii) کُتب بینی کے فوائد

(iii) ریل کا ایک دلچسپ سفر

(i) میرا پسندیدہ کھیل

اشارات:

کھیلوں کی اہمیت

مختلف کھیل

کھیل کے اصول

کھیل کے لئے ضروری سامان

صحت و تندرستی کے لئے مُفید

**(ii)** کُتب بینی کے فوائد

اشارات:

علم کی اہمیت

معلومات میں اضافہ

با قاعدہ مطالعہ

ملازمت یا تجارت میں کارآمد

**(iii)** ریل کا ایک دلچسپ سفر

اشارات:

سفر کا ارادہ اور تیاری

سفر کے دلچسپ واقعات

اسٹیشن پر چائے ناشتہ

----------------xx-----------------